سوال

(57) کھڑے ہو کر پیشاب کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایت ہے کہ جس کے مطابق آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے سے منع فرمایا پھر خود کھڑے ہو کر پیشاب کیا ہے۔ اس میں کیا تطبیق ہے؟ (فتاویٰ المدینہ: 104)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کھڑے ہو کر پیشاب کرنے سے منع کی حدیث ثابت نہیں ہے۔ نہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اور نہ کسی اور سے ثابت ہے۔ "سنن ابن ماجہ "حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ہے "لا تبل قائما" کھڑے ہو کر پیشاب نہ کرو لیکن یہ حدیث ضعیف ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث اس طرح کے منع والی روایات میں کہیں بھی نہیں ہے سوال میں۔ ہر معاملہ تو وہ نہیں جانتی تھی۔ اس کو معلوم نہیں تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا۔ اس لیے کہتی ہے:

"مَن حَدّثکُم أنَ النّبِیَ صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ یبُولُ قَائمًا فَلَا تُصَدّقُوہُ"

کہ جس نے تمھیں یہ کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر پیشاب کرتے تھے تو تم اس کی تصدیق نہ کرو۔

لیکن یہ بات بھی تو اسے کسی طرح سے معلوم ہوئی ہے جبکہ بخاری و مسلم میں حذیفہ کی حدیث ہے:

"عَنْ حُذَیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَنَّہُ سُبَاطَةَ قَومٍ فَبَالَ قَائمًا"

اس طرح کی دو حدیثیں اگر ٹکرائیں تو علماء فرماتے ہیں ایک اگر مثبت ہو اور دوسری حدیث منفی ہو تو مثبت کو مقدم کریں گے منفی پر، کیونکہ یہ اس کا علم ہے کہ جسے جو منفی کو معلوم نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

طہارت کے مسائل صفحہ:153

محدث فتویٰ